پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

30/11/2021

سرکاری صنعتی تربیتی ادارہ پرسپور کرنیل گنج، گونڈا کی عمارت کی تعمیر کے لیے 1 کروڑ 50 لاکھ روپئے منظور

لکھنؤ:30؍نومبر 2021

ریاستی حکومت کے ذریعہ ریاستی صنعتی تربیتی ادارہ پرسپور، کرنیل گنج، گونڈا کی عمارت کی تعمیر کے لیے مالیاتی منظوری دی گئی ہے۔اس ضمن میں ضروری حکم نامہ پیشہ ورانہ تعلیم اورمہارت فروغ کے ذریعہ جاری کردی گئی ہے۔

جاری حکم نامہ کے مطابق ریاستی صنعتی تربیتی ادارہ پرسپور، کرنیل گنج، گونڈا کی عمارت کی تعمیر کے لیے مالیاتی سال 2021-22 میں باقی رقم 257.00 لاکھ میں سے 150 لاکھ روپئے کی منظوری شرائط کے تحت دی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆